سوال

تراویح کے متعلق سوال

جواب

نماز تراویح کی شرعی حیثیت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا نماز تراویح فرض اور ضروری ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نماز تراویح ایک نفلی عبادت ہے، اور اس کے بے شمار فضائل ہیں۔ یہ فرض اور واجب نہیں ہے۔ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: "من قامه إیمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه" (بخاری: 2008) جو شخص بھی اس (رمضان) میں ایمان اور اجر وثواب کی نیت کے ساتھ (رات میں) نماز کے لیے کھڑا ہو اس کے پہلے تمام گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی